10 جنوری 2018ء

مالی سال 18ء کے ابتدائی چھ مہینوں میں بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے 9.7 ارب ڈالر کی ترسیلات بھیجیں

بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے مالی سال 18ء کے پہلے چھ ماہ (جولائی تا دسمبر) میں 9744.75 ملین امریکی ڈالر وطن بھجوائے جبکہ گذشتہ برس کی اسی مدت میں 9505.11 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

دسمبر 2017ء کے دوران کارکنوں کی ترسیلات زر کی مالیت 1723.57 ملین ڈالر تھی جو نومبر 2017ء کے مقابلے میں 9.31 فیصد زیادہ، اور دسمبر 2016ء کے مقابلے میں 8.72 فیصد زیادہ ہیں۔ بلحاظ ملک دسمبر 2017ء کی تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 431.97 ملین ڈالر، 396.74 ملین ڈالر، 234.76 ملین ڈالر، 223.3 ملین ڈالر، 188.76 ملین ڈالر، اور 54.87 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے، جبکہ دسمبر 2016ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 475.75 ملین ڈالر، 339.95 ملین ڈالر، 182.19 ملین ڈالر، 181.85 ملین ڈالر، 203.63 ملین ڈالر اور 35.09 ملین ڈالر تھیں۔ دسمبر 2017ء کے دوران ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 193.17 ملین ڈالر رہیں جبکہ دسمبر 2016ء میں ان ملکوں سے 166.91 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

☆☆☆